اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

# قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

حروف مفردات کو کھینچنے یا نہ کھینچنے کے لحاظ سے طریقہ یہ ہوگا کہ

(1) - جس حرف کی آواز کے دو حرف ہوں، اُسے تھوڑا سا لمبا ادا کریں، جیسے: ﴿بَا - تَا - ثَا﴾

(2) - جس حرف کی آواز کے تین حرف ہوں، اُسے دو گنا لمبا ادا کریں، جیسے: ﴿جِیْمْ - عَیْنْ - نُوْنْ﴾

(3) - اور ﴿الف اور ہمزہ﴾ کو بغیر لمبا کیے ادا کریں۔ ان کو کھینچ کر ( اَلِیْفْ ، ھَامْزَہْ ) نہ پڑھیں۔

آیئے! ''قرآنی حروف مفردات'' کی صحیح تلفظ کے ساتھ مشق کیجئے اور ہر حرف کی ادائیگی کے نقشہ پر توجہ مرکوز کیجئے:

# بچوں کے لیے قاری قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ● تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ● الف، ہمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | اَلِفْ | اَ کو بغیر کھینچے لِ کو 'ف' کے ساتھ فوراً ملائیں۔ یعنی (الف) آیئے مشق کیجئے: |   ادائیگی میں زبان اور ہونٹوں کی کیفیت |
| ب | بَا | ہونٹوں کے گیلے حصے کو سختی سے ملا کر (باریک آواز میں) پڑھیں یعنی (با)۔ |  |

اور یاد رکھیں! کہ (ب) کی ادائیگی میں "ہونٹوں کے گیلے حصے" سے مراد وہ حصہ ہے، جو ہونٹوں کے بند ہونے کے وقت اندر چھپ جاتا ہے۔ آیئے مشق کیجئے:

# بچوں کے لیے قاری قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقه:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ـــ تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ـــ الف، ھمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ت | تَا | زبان کی نوک کو، سامنے والے اوپر کے دو دانتوں کی جڑ سے لگا کر (باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (تَا)۔ آیئے مشق کیجئے: |  |

# بچوں کے لیے قاری قاعدہ

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ۔ تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ۔ **الف، ھمزہ** (بغیر کھینچے پڑھیں)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ث | ثَا | زبان کی نوک کو، سامنے والے اوپر کے دو دانتوں کے اندرونی کناروں سے نرمی سے لگا کر (باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (ثَا)۔ آیئے مشق کیجئے |  |
| ج | جِيْمْ | زبان کے درمیان کو، تالو کے ساتھ سختی سے لگا کر (باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (جیم)۔ |  |

اور یاد رکھیں! کہ (ج) کی ادائیگی میں (چ) کی آواز مکس نہ کریں۔ یعنی (جیم) اور یہ صحیح نہیں۔ آیئے مشق کیجئے:

# بچوں کے لیے قاری قاعدہ

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ● تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ● الف، ہمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ح | حَا | زبان کی جڑ کو، حلق کی طرف مضبوطی سے دباتے ہوئے (باریک اور رگڑ کھاتی سانس میں) پڑھیں۔ یعنی (حا)۔ |  |

اور یاد رکھیں! کہ (ح) کی درست آواز کی پہچان یہ ہے کہ ادائیگی کے وقت گلے میں کچھ دباؤ سا محسوس ہوگا۔ یعنی (حا) آئیے مشق کیجئے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| خ | خَا | زبان کی جڑ کو، تالو کی طرف بلند کرتے ہوئے (موٹی آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (خا)۔ |  |

اور یاد رکھیں! کہ (خ) کی ادائیگی میں خرخراہٹ کی آواز پیدا نہ ہو۔ یعنی (خا) اور یہ صحیح نہیں۔ آئیے مشق کیجئے:

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

# قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ـ تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ـ **الف، ہمزہ** (بغیر کھینچے پڑھیں)

| | | | |
|---|---|---|---|
| د | دَآل | زبان کی نوک کو، سامنے والے اوپر کے دو دانتوں کی جڑ سے لگا کر (باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (دال)۔ آیئے مشق کیجئے: |  |
| ذ | ذَآل | زبان کی نوک کو، سامنے والے اوپر کے دو دانتوں کے اندرونی کناروں سے نرمی سے لگا کر (باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (ذال) آیئے مشق کیجئے: |  |
| ر | رَا | زبان کی نوک کی پشت کو، اوپر والے دانتوں کے مسوڑھوں سے لگا کر (موٹی آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (را) آیئے مشق کیجئے: |  |

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

# قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دو حرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) الف، ہمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ز | زَا | زبان کی نوک کو، سامنے والے نیچے کے دو دانتوں کے کناروں سے مضبوطی سے لگا کر (باریک اور سیٹی جیسی آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (زا)۔ |  |

اور یاد رکھیں! کہ ( ز ) کی ادائیگی میں دانتوں کو سختی سے نہ ملائیں۔ یعنی (ذا) اور یہ غلط طریقہ ہے۔ آیئے مشق کیجئے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| س | سِیْنْ | زبان کی نوک کو سامنے والے نیچے کے دو دانتوں کے کناروں سے مضبوطی سے لگا کر (باریک اور سیٹی جیسی آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (سین)۔ |  |

اور یاد رہے! کہ (س) کی ادائیگی میں سیٹی جیسی آواز کے لیے دانتوں کو سختی سے بند نہ کریں۔ یعنی (سین)۔ اور یہ غلط طریقہ ہے۔ آیئے مشق کیجئے:

# بچوں کے لیے قاری قاعدہ

أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) الف، ہمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ش | شِیْنْ | زبان کے درمیان کو تالو کی طرف بلند کرتے ہوئے (باریک اور پھیلتی ہوئی آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (شین)۔ |  |

اور یاد رکھیں! کہ (ش) کی ادائیگی میں زبان کی جڑ کو تالو کی طرف نہ اٹھنے دیجئے۔ ورنہ شین کی آواز موٹی ہو جائے گی۔ یعنی (شیین) اور یہ درست نہیں۔ آئیے مشق کیجئے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ص | صَآدْ | زبان کی نوک کو، سامنے والے نیچے کے دو دانتوں کے کناروں سے مضبوطی سے لگا کر، اور زبان کے پچھلے حصے کو تالو کی طرف بلند کرتے ہوئے (موٹی اور سیٹی جیسی آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (صاد)۔ |  |

اور یاد رکھیں! کہ (ص) کو ادا کرتے وقت شروع والی آواز کو باریک نہ کریں۔ یعنی (صاد) اور یہ درست نہیں۔ آئیے مشق کیجئے:

# بچوں کے لیے قاری قاعدہ

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دو حرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ◄ تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ◄ الف، ہمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ض | ضَادْ | زبان کے پچھلے حصے کو، تالو کی طرف بلند کرتے ہوئے، زبان کے موٹے کنارے کو، اوپر والی داڑھوں کی جڑ پر، آہستہ آہستہ نرمی سے لگا کر (خوب موٹی اور دراز آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (ضاد)۔ |  |

اور یاد رکھیں! کہ زبان کے موٹے کنارے سے مراد وہ کنارہ ہے جو داڑھوں کے سامنے والا ہے۔ آیئے مشق کیجئے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ط | طَا | زبان کی نوک کو، سامنے والے اوپر کے دو دانتوں کی جڑ سے لگا کر، اور زبان کے پچھلے حصے کو تالو کی طرف بلند کرتے ہوئے (موٹی آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (طا) آیئے مشق کیجئے: |  |

# بچوں کے لیے قاری قاعدہ

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دو حرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) • تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) • الف، ہمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

| حرف | نام | ادائیگی | تصویر |
|---|---|---|---|
| ظ | ظَا | زبان کی نوک کو، سامنے والے اوپر کے دو دانتوں کے اندرونی کناروں سے نرمی سے لگا کر، اور زبان کے پچھلے حصے کو تالو کی طرف بلند کرتے ہوئے (موٹی آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (ظا) آیئے مشق کیجئے: |  |
| ع | عَيْنْ | زبان کے جڑ کو، حلق کی طرف مضبوطی سے دباتے ہوئے (باریک اور رگڑ کھاتی آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (عین)۔ |  |

اور یاد رکھیں! کہ (ع) کی درست آواز کی پہچان یہ ہے کہ ادائیگی کے وقت گلے میں کچھ دباؤ سا محسوس ہوگا۔ یعنی (عین) آیئے مشق کیجئے:

# بچوں کے لیے قاری قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دو حرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ـ تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ـ **الف، ھمزہ** (بغیر کھینچے پڑھیں)

| | | | |
|---|---|---|---|
| غ | غَیْنْ | زبان کے جڑ کو، تالو کی طرف بلند کرتے ہوئے<br>(موٹی آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (غین) |  |

اور یاد رکھیں! کہ (غ) کی ادائیگی میں خرخراہٹ کی آواز پیدا نہ ہو۔ یعنی (غھین) اور یہ درست نہیں۔ آیئے مشق کیجئے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ف | فَا | سامنے والے اوپر کے دو دانتوں کے سروں کو<br>نچلے ہونٹ کے گیلے حصہ پر لگا کر<br>(باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (فا)۔ |  |

اور یاد رکھیں! کہ (ف) کی ادائیگی میں زیادہ سانس نہ نکالیں۔ یعنی (فا) اور یہ درست نہیں۔ آیئے مشق کیجئے:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

# قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ـ تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ـ الف، ہمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ق | قَآفُ | زبان کی جڑ کو، کوے کے متصل تالو پر لگا کر (موٹی آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (قاف) آیئے مشق کیجئے: |  |
| ك | كَآفُ | زبان کی جڑ کو، کوے کے قریب، تالو پر لگا کر (باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (کاف) آیئے مشق کیجئے: |  |

# بچوں کے لیے قاری قاعدہ

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقه:** دو حرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ● تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ● الف، ھمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ل | لَآمْ | زبان کے باریک کنارے کو اوپر والے دانتوں کے مسوڑھوں سے لگا کر (باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (لام)۔ |  | |

اور یاد رکھیں! کہ زبان کے باریک کنارے سے مراد وہ کنارہ ہے جو دانتوں کے سامنے والا ہے۔ آیئے مشق کیجئے:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| م | مِیْمْ | ہونٹوں کے خشک حصے کو، قدرے نرمی سے ملا کر (باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (میم)۔ |  | |

اور یاد رکھیں! کہ (م) کی ادائیگی میں "ہونٹوں کے خشک حصے" سے مراد وہ حصہ ہے، جو ہونٹوں کے خشک اور اندرونی گیلے حصہ کے درمیان واقع ہے۔

اور یہ بھی یاد رہے! کہ (م) کی ادائیگی میں آواز ناک میں اس طرح نہ لیجائیں۔ یعنی (ممیم) اور یہ درست نہیں۔ آیئے مشق کیجئے:

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

# قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) الف، همزه (بغیر کھینچے پڑھیں)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ن | نُوْنْ | زبان کے باریک کنارے کو اوپر والے دانتوں کے مسوڑھوں سے لگا کر، ہونٹوں کو (چونچ کی مانند) گول کرتے ہوئے (باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (نون)۔ |  |

اور یاد رکھیں! کہ (ن) کی ادائیگی میں آواز ناک میں اس طرح نہ لے جائیں۔ یعنی (نون) اور یہ غلط ہے۔ آیئے مشق کیجئے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| و | وَاوْ | ہونٹوں کو گول کرتے ہوئے اوپر کی جانب کھول کر درمیانی سے مد کریں اور پھر سے ہونٹوں کو (چونچ کی مانند) گول کرتے ہوئے (باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (واو) آیئے مشق کیجئے: |  |

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۞ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞

# قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دو حرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ـ تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ـ **الف، ہمزہ** (بغیر کھینچے پڑھیں)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہ | هَا | زبان کے جڑ کو حلق کی طرف دبائے بغیر (باریک اور بغیر رگڑ کھاتی سانس میں) پڑھیں۔ یعنی (ھا)۔ |  |

اور یاد رکھیں! کہ (ہ) کی ادائیگی میں زیادہ سانس نہ نکالیں۔ یعنی (ھا) اور یہ غلط ہے۔ آئیے مشق کیجئے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ء | هَمْزَهْ | هَا کو بغیر کھینچے 'میم' کے ساتھ ملائیں اور 'میم' میں آواز کو لمبا نہ کریں۔ یعنی (ھمزہ) آئیے مشق کیجئے: |  |

# بچوں کے لیے قاری قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ○ تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ○ **الف، ہمزہ** (بغیر کھینچے پڑھیں)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ي | يَا | زبان کے درمیان کو تالو کی طرف بلند کرتے ہوئے (باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (یا) آیئے مشق کیجئے: |  |

أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قرآن کریم کے "حروفِ مفردات" کا جو تلفظ آپ نے سُنا ہے۔ اُسی طرح اول سے آخر تک یاد کریں اور صحیح تلفظ کے ساتھ خوب مشق کریں۔ تاکہ (قرآنی الفاظ کی صحیح ادائیگی) آسان ہو جائے۔

یہ تھی چند گزارشات (قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی) کے حوالے سے۔

اور اب سورۃ الفاتحہ کی مشق کروائی جائے گی۔ تو لیجیے سماعت فرمایئے!

# بچوں کے لیے قاری قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ② الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ③

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ④ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ⑤

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ⑥ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ ⑦

اللہ رب العزت کی بارگاہ میں التجا ہے کہ جو کچھ ہم نے پڑھا اور سنا اس میں پختگی اور اخلاص پیدا فرمائے
اور عمل کرنے کی توفیق دے۔ آمین

واخردعوانا ان الحمد للہ رب العالمین